شیخین رضی اللہ عنھم کی جنگوں میں ثابت قدمی—قسور عباس اور حیدر الرافضی پر رد

قسور عباس اور حیدر الرافضی پر رد

ابو عبد الرحمن السلفی، احمد خلفان، ابو تراب سلفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

إن الْحَمْدَ لِلهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ ، وَنَعُوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا ، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلا مُضِل لَهُ ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلا هَادِيَ لَهُ ، وَأَشْهَدُ أن لا إِلَهَ إلا اللهُ ، وَأَشْهَدُ أن مُحَمدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

قسور عباس اور حیدر الرافضی ناصبیوں نے شیخین رضی اللہ عنھم پر بکواس کرتے ہوئے یہ طعن کیا کہ شیخین رضی اللہ عنھم جنگوں سے فرار ہوگئے تھے۔ یہ ان ناصبیوں کا کالا جھوٹ ہے اور اس پر رد حاظر ہے۔

سیدنا ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ کی ثابت قدمی

امام ابن حبان رحمہ اللہ کی تصحیح کا جواب

سب سے پہلے رافضی نے امام ابن حبان رحمہ اللہ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا۔

"امام ابن حبان کا ہی اسکو (یعنی إِسْحَاقَ بْنِ یَحْیَی بْنِ طَلْحَةَ کو) ثقہ قرار دینا اسکی توثیق کی سب سے بڑی دلیل ہے کیونکہ امام ابن حبان اہل سنت میں توثیق کے معاملے میں بہت متشدد مانے جاتے ہیں"

یہ اس رافضی کا کالا جھوٹ ہے کیونکہ امام ابن حبان رحمہ اللہ متشدد نہیں بلکہ توثیق میں متساہل تھے اور اس وجہ سے توثیق میں اکثر علماء اور محدثین نے ان کا تعاقب کیا ہے اور جہاں پر ان کی توثیق جمہور کے خلاف ہوئی تو اس کو رد کر دیا۔

علامہ ذھبی رحمہ اللہ نے امام ابن صلاح رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے اور اس کا اثبات کرتے ہوئے اس کو صحیح مانا۔۔

وقال الامام أبو عمرو بن الصلاح - وذكره في طبقات الشافعية: غلط الغلط الفاحش في تصرفه، وصدق أبو عمرو وله أوهام كثيرة

ترجمہ: امام ابو عمرو بن الصلاح نے ان کو طبقات شافعیہ میں ذکر کرنے کے بعد کہا: وہ بہت شدید غلطیاں کرتے ہیں اور ابو عمرو نے سچ کہا۔ ان کو کثرت سے اوہام ہو جاتے تھے۔ (میزان الاعتدال ج6 ص99)

لہذا اس کلام سے ثابت ہوا کہ امام ابن حبان رحمہ اللہ زبردست ثقہ امام ہونے کے ساتھ ساتھ غلطیاں کرتے تھے اور ان کو وھم ہو جاتا تھا۔

اسی طرح ذھبی العصر شیخ عبد الرحمن بن یحیی المعلمی رحمہ اللہ نے امام ابن حبان رحمہ اللہ کی توثیق کے پانچ درجے مقرر کئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں۔۔

الأولى: أن يصرح به كأن يقول «كان متقننا» أو «مستقيم الحديث» أو نحو ذلك

الثانية: أن يكون الرجل من شيوخه الذين جالسهم وخبرهم

الثالثة: أن يكون من المعروفين بكثرة الحديث بحيث يعلم أن ابن حبان وقف له على أحاديث كثيرة

الرابعة: أن يظهر من سياق كلامه أنه قد عرف ذاك الرجل معرفة جيدة

الخامسة: ما دون ذلك

1۔ جنھیں وہ خود صراحتا مستقیم الحدیث اور متقن وغیرہ کہتے تھے۔

2۔ وہ راوی جو ان کے اساتذہ میں سے تھے جن کی مجالس میں ابن حبان بیٹھتے تھے۔

3۔ کثرت حدیث کی وجہ سے مشہور راوی تھے۔

4۔ ابن حبان کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس راوی کو اچھی طرح جانتے ہیں۔

5۔ جو ان چاروں اقسام کے علاوہ (مثلاً مجہول اور مستور۔۔ میرے الفاظ) تھے۔ (التنکیل بما فی تانیب الکوثری من الاباطیل ص 669)

یعنی امام المعلمی کے حوالے سے ثابت ہوا کہ وہ بعض اوقات مشہور راویوں کی توثیق کر دیتے تھے حالانکہ. بہت سے ایسے مشہور اور کثیر الحدیث راوی ہیں جو ضعیف ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ امام ابن حبان رحمہ اللہ کا مجاہیل کی توثیق کرنا ثابت ہے۔

اس موقع پر امام ابن حبان رحمہ اللہ کی توثیق قبول نہیں کی جاتی اگر وہ جمہور کے خلاف ہو۔

اختصار کے پیش نظر ان دو حوالوں پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔

لہذا یہ ثابت ہوا کہ امام ابن حبان رحمہ اللہ توثیق میں متساہل تھے۔ اور ان کا کسی راوی کی توثیق کرنا جمہور کے مقابلہ میں قابل قبول نہیں۔

اب ہم آتے ہے اس کی روایت کی طرف جس کی تصحیح امام ابن حبان رحمہ اللہ نے کی ہے۔

رافضی نے روایت بیان کی ہے بحوالہ ابن حبان جس کا خلاصہ یہ ہے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ جنگ احد میں پہلے واپس آنے والے تھے۔

اس روایت کی سند اس طرح ہے۔۔

أَخْبَرَنَا مُحَمدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي الْحَارِثِ، حَدثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوارٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، حَدثَنَا عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ

اس کی سند میں اسحاق بن یحیی بن طلحہ متروک الحدیث ہے۔ اختصار کے پیش نظر صرف تین حوالوں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔۔

امام ابن حبان رحمہ اللہ نے اسے اپنی کتاب المجروحین میں شامل کیا!!!!!(کتاب المجروحین ج1 ص143)۔

یعنی امام ابن حبان رحمہ اللہ کی توثیق ان کے اپنے خلاف ہے کیونکہ ایک طرف وہ اس راوی کی روایت کرتا حدیث کو اپنی صحیح میں شامل کر رہے ہیں اور دوسری طرف اس کو اپنی کتاب المجروحین میں ذکر کرکے اس پر جرح کر رہے ہیں۔ لہذا اس روایت میں امام ابن حبان رحمہ اللہ کی توثیق ان کے تضاد کی وجہ سے ساقط ہو گئی۔

امام عباس الدوری رحمہ اللہ امام جرح و تعدیل یحیی ابن معین رحمہ اللہ سے نقل کرتے ہیں۔

سَمِعت يحيى يَقُول إِسْحَاق بن يحيى بن طَلْحَة ضَعِيف

میں نے یحیی کو سناوہ کہتے تھے کہ اسحاق بن یحیی بن طلحہ ضعیف ہے۔ (تاریخ ابن معین روایت الدوری۔ ج3 ص171)۔

اس کے بعد علامہ ذھبی رحمہ اللہ اس کے بارے میں لکھتے ہیں۔

وقال أحمد والنسائي: متروك الحديث

وقال البخاري: يتكلمون في حفظ

احمد و نسائی نے اسے متروک الحدیث کہا ہے اور امام بخاری نے کہا ہے کہ اس کے حافظہ پر کلام کیا گیا ہے۔ (میزان الاعتدال ج1 ص360)

ان تین زبردست حوالوں سے ثابت ہوا کہ یہ روایت سخت ضعیف اور مردود ہے کیونکہ اسحاق بن یحیی متروک الحدیث ہے۔

اس کے علاوہ محدث العصر الشیخ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے بھی اس حدیث کو اسحاق بن یحیی کی وجہ سے سخت ضعیف قرار دیا۔ (دیکھیے التعلیقات الحسان علی صحیح ابن حبان للالبانی رحمہ اللہ رقم الحدیث 6941)

اس کے علاوہ شیخ شعیب الارناووط نے بھی اس حدیث کو اسحاق بن یحیی کی وجہ سے ضعیف قرار دیا۔ (دیکھیے صحیح ابن حبان بترتیب ابن بلبان تحقیق شعیب الارناووط رقم الحدیث 6980)

یہاں پر رافضی نے ایک بہت بڑی مکاری چلائی۔ رافضی نے جب یہ حدیث لگائی تو نیچے حاشیہ سے شیخ شعیب الارناووط کی تحقیق کو اڑا دیا تاکہ لوگوں کو حقیقت نہ پتا چلے۔

لہذا ثابت ہوا کہ یہ روایت سخت ضعیف اور مردود ہے اور امام ابن حبان رحمہ اللہ کو اس کو صحیح کہنے میں وہم ہوا۔

امام ابو عبداللہ الحاکم رحمہ اللہ کی تصحیح کا جواب

آگے چل کے رافضی نے اسی حدیث کو امام حاکم رحمہ اللہ کے حوالے سے نقل کیا۔

سب سے پہلی بات امام حاکم رحمہ اللہ بھی روایات کی تصحیح میں متساہل تھے۔ اور یہ اس وجہ سے مشہور تھے۔ اختصار کے پیش نظر صرف ایک حوالے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔۔

علامہ ذھبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔۔

وقسم في مقابلة هؤلاء كأبي عيسى الترمذي وأبي عبد الله الحاكم وأبي بكر البيهقي متساهلون وقسم كالبخاري واحمد بن حنبل وأبي زرعة وابن عدي معتدلون ومنصفون

اور ان کے مقابلہ میں ایک قسم مثلا ابو عیسی الترمذی، ابو عبداللہ الحاکم اور ابو بکر البیھقی متساہل تھے اور ایک قسم مثلا بخاری، احمد بن حنبل، ابو زرعہ اور ابن عدی معتدل اور انصاف کرنے والے تھے۔ (ذکر من یعتمد فی الجرح و تعدیل ص 172)۔

لہذا امام حاکم رحمہ اللہ کے تساہل کی وجہ سے ان کا اس حدیث کو صحیح الاسناد کہنا ان کا سہو ہے۔

اب اگر ہم اس حدیث کی اسناد کی طرف آئیں تو امام حاکم رحمہ اللہ نے اس حدیث کی یہ اسناد لکھیں۔

پہلی سند

1---حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي دَارِمٍ الْحَافِظُ، بِالْكُوفَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الرازي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

تنبیہ: مستدرک حاکم کے مطبوعہ نسخوں میں سند میں غلطی سے محمد بن اسحاق بن یحیی بن طلحہ چھپ گیا ہے حالانکہ اصل راوی اسحاق بن یحیی بن طلحہ ہے۔ اس کے ثبوت یہ ہے۔۔

1۔ امام ابن حبان جو امام حاکم رحمہ اللہ کے استاد ہیں انہوں نے صحیح ابن حبان میں اسحاق بن یحیی بن طلحہ سے ہی سند نقل کی۔

2۔ علامہ ذھبی رحمہ اللہ نے تلخیص المستدرک میں اسی روایت کو اسحاق بن یحیی پر جرح کر کے ضعیف قرار دیا۔

3۔ امام حاکم نے اسی حدیث کو جب دوسری اور تیسری بار لکھا تو اس کی سند میں اسحاق بن یحیی بن طلحہ ہی ہے۔ جیسے ابھی آرہا ہے۔

4۔ اگر رافضی اس ضد کریں کہ اس کی سند میں محمد بن اسحاق بن یحیی بن طلحہ ہی ہے تو عرض ہے پھر اس راوی کا مکمل ترجمہ اور عدالت ثابت کرنا رافضیوں کے ذمہ ہے ورنہ یہ مجہول الحال ہو جائے گا۔

دوسری سند۔۔

أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِي، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدارِمِي، ثنا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ مُوسَى بْنِ إِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

تیسری سند۔۔۔

أَخْبَرَنَا الشيْخُ أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنا مُحَمدُ بْنُ عَالِبٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِي، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، حَدثَنِي عَمي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أُم الْمُؤْمِنِينَ

ان تینوں اسناد میں اسحاق بن یحیی بن طلحہ ہے جس پر ہم تفصیلی جرح امام ابن حبان رحمہ اللہ کی تصحیح کے باب میں کر چکے ہیں لہذا امام حاکم رحمہ اللہ کا اس کو صحیح علی شرط مسلم کہنا ان کا وہم ہے۔

ہم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ امام حاکم رحمہ اللہ تصحیح میں متساہل تھے اور علامہ ذھبی رحمہ اللہ نے تلخیص علی المستدرک میں امام حاکم کا تعاقب کیا اور ان تمام اسناد کو اسحاق بن یحیی بن طلحہ کو متروک کہہ کر ضعیف قرار دیا۔ بلکہ 5610 پر کہا **لا وا للہ** یعنی اللہ کی قسم ایسا نہیں ہے (تلخیص المستدرک حاکم۔ رقم الحدیث 4315 اور 5159 اور 5610)

خلاصہ کلام سیدنا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کا جنگ احد سے بھاگنا ثابت نہیں ہے اور ان احادیث میں اسحاق بن یحیی بن طلحہ کا تفرد ہے جو متروک الحدیث ہے۔

اب یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ اگر اس حدیث کو صحیح مان لیا جائے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنھم معاذاللہ بھاگ گئے تھے جن میں سیدنا علی رضی اللہ

عنہ بھی شامل تھے۔ لہذا رافضی اگر اس حدیث کو صحیح مانتے ہیں تو رافضیوں کو ماننا پڑے گا کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ بھی احد سے بھاگے لیکن ان سے پہلے سیدنا ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ واپس آئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

دوسرا شیخین رضی اللہ عنھم کا جنگ احد میں ثابت قدم رہنا صحیح سند سے ثابت ہے۔

جنگ احد میں جنگ کے خاتمہ کے موقع پر سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ (جو ابھی اسلام نہ لائے تھے) نے پکارا کیا تمہارے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ابو بکر بن ابی قحافہ، اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنھم اجمعین موجود ہیں؟ تو سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ کو جوابات دیئے۔ سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ کے پکارنے سے یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ سب لوگوں کو معلوم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے قریبی ساتھی سیدنا ابو بکر اور عمر ہیں اور یہ دونوں کبھی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ چھوڑ ہی نہیں سکتے اسی لئے سیدنا ابو سفیان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کا نام پکارا اور ان کے بارے میں پوچھا۔ سیدنا ابو بکر صدیق نے جواب نہ دیا لیکن سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا نام پکارے جانے پر جواب دیا۔ یہ اس بات کی زبردست دلیل ہے کہ دونوں

حضرات آخر دم تک جنگ میں شامل اور ثاقب قدم تھے۔ (دیکھیے صحیح البخاری رقم الحدیث 4043)۔

لہذا اس ساری بحث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ سیدنا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کے جنگ احد سے بھاگنے والی حدیث سخت ضعیف ہے اور اگر اس کو صحیح مان لیا جائے تو سیدنا علی رضی اللہ عنہ پر بھی طعن آتا ہے کیونکہ اس حدیث کے مطابق وہ بھی بھاگ گئے تھے اور ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سب سے پہلے واپس آئے یعنی وہ سیدنا علی سے بھی پہلے واپس آ گئے۔ یہ الزامی جواب رافضہ کا ہاضمہ درست کرنے کے لئے کافی ہے۔ ورنہ سیدنا ابوبکر، عمر، اور علی رضی اللہ عنہم اللہ کے شیر تھے اور آخری لمحات تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے جنگ احد میں۔

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی جنگ احد میں ثابت قدمی

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی تفسیر طبری کی تحسین کا جواب

رافضی لکھتا ہے۔۔

تفسیر طبری کے رواۃ پر انکی جرح ہی فضول ہے کیونکہ انکے شیخ ابن تیمیہ نے تفسیر طبری کی مدح کچھ ان الفاظ میں کی ہے۔

وأما " التفاسير " التي في أيدي الناس فأصحها " تفسير محمد بن جرير الطبري " فإنه يذكر مقالات السلف بالأسانيد الثابتة وليس فيه بدعة ولا ينقل عن المتهمين---لكن تفسير ابن جرير أصح من هذه كلها-

تفاسیر میں سے جو لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں سب سے صحیح تفسیر طبری ہے۔۔۔۔۔جس میں تمام اسانید ثابت یعنی مقدم ہیں اور اس میں کوئی بھی بدعت نہیں اور انہوں نے کسی متہم راوی سے نقل نہیں کیا۔۔(آگے باقی

تفاسیر کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں)لیکن ان میں سب سے زیادہ صحیح تفسیر طبری ہے۔

الجواب: رافضی کی یہ بات بہت بڑا امغالطہ ہے جو اس نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے بارے میں دیا ہے۔ کیونکہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے کہنے کا مقصد ہے۔۔

1۔ اکثر تفاسیر میں مکمل اسناد نقل نہیں ہوتی لیکن تفسیر طبری میں مکمل اسناد موجود ہیں۔

2۔ تفاسیر میں اسناد تو لکھی ہوتی ہیں لیکن تفسیر طبری کی اسناد زیادہ صحیح ہیں اور امام طبری رحمہ اللہ نے زیادہ اہتمام سے روایات اکٹھی کی ہیں۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بلحاظ صحت اس تفسیر کو تمام دوسری تفاسیر سے بہتر قرار دیا تو اس بات پر تو تمام اہل سنت والجماعت کا اتفاق اور اجماع ہے کہ تفسیر طبری تفاسیر میں سب سے زیادہ صحیح تفسیر ہے اور اس میں اسناد کا مکمل اہتمام کیا گیا ہے۔

لیکن شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے کلام کا یہ مطلب نہیں کہ تفسیر طبری کی تمام روایات صحیح ہیں اور نہ ہی انہوں نے اس کی صراحت فرمائی ہے۔ بلکہ وہ بھی تفسیر طبری کی

روایات پر جرح کیا کرتے تھے اور انہوں نے تفسیر طبری کی اکثر روایات کو ضعیف اور مردود قرار دیا۔ اختصار کے پیش نظر ایک روایت حاظر ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تفسیر طبری کی ایک روایت پر جرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔۔

وَقَدْ رَوَاهُ ابْنُ جَرِيرٍ وَالْبَغوي بِإِسْنَادٍ فِيهِ عَبْدُ الْغفارِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، أَبُو مَرْيَمَ الْكُوفِي .، وَهُوَ مُجْمَعٌ عَلَى تَرْكِهِ، كَذبَهُ سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُو دَاوُد، وَقَالَ أَحْمَدُ: لَيْسَ بِثِقَةٍ، عَامةُ أَحَادِيث بَوَاطِيلُ قَالَ يَحْيَى: لَيْسَ بِشَيْءٍ، قَالَ ابْنُ الْمَدِينِي: كَانَ يَضَعُ الْحَدِيث، وَقَالَ النسَائِي وَأَبُو حَاتِمٍ: مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ، وَقَالَ ابْنُ حِبان الْبُسْتِي: كَانَ عَبْدُ الْغفارِ بْنُ قاسِمٍ يَشْرَبُ الْخَمْرَ حَتى يَسْكَرَ، وَهُوَ مَعَ ذَلِكَ يُقَلبُ الْأَخْبَارَ، لَا يَجُوزُ الِاحْتِجَاجُ بِهِ، وَتَرَكهُ أَحْمَدُ، وَيَحْيَى

پس تحقیق ان اسناد سے جریر (امام طبری) اور بغوی نے روایت کیا ہے اور اس میں عبدالغفار بن القاسم بن فھد ابو مریم کوفی ہے۔ اس کے متروک ہونے پر اجماع ہے۔ اس کو سماک بن حرب اور ابوداود نے جھوٹا کہا ہے۔ اور امام احمد نے کہا ہے یہ ثقہ نہیں ہے اور یہ عام طور پر باطل روایات بیان کرتا ہے۔ امام یحیی نے کہا ہے کہ یہ کوئی

چیز نہیں۔ اور ابن المدینی نے کہا ہے کہ یہ حدیث گڑھا کرتا تھا اور امام نسائی اور ابو حاتم نے کہا ہے کہ یہ متروک الحدیث ہے۔ ابن حبان البستی نے کہا ہے کہ عبد الغفار بن قاسم شراب پیتا تھا یہاں تک کہ نشہ میں دھت ہو جاتا۔ اور یہ اس کی روایات کا حال ہے اس سے حجت پکڑنا جائز نہیں اور احمد اور یحیی نے اسے ترک کر دیا۔ (منہاج السنۃ ج7 ص302، 303)۔

اس کے علاوہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی منہاج السنۃ سے ہی مزید کئی مثالیں دی جا سکتی ہیں کہ انہوں نے تفسیر طبری کی روایات پر جرح کر کے ان کو ضعیف قرار دیا۔

یہ اس بات کی سب سے زبردست دلیل ہے کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اس کی باقی تفاسیر کے مقابلہ میں تحسین تو فرمائی ہے لیکن اس کی تمام روایات کو صحیح نہیں مانا والحمد للہ ورنہ اس روایت کو ضعیف تو کجا کذب اور موضوع کہتے ہیں۔ لہذا رافضہ کا دھوکہ اور کالا جھوٹ اس بات سے عیاں ہو جاتا ہے۔

محمد بن یزید الرفاعی ضعیف الحدیث ہے

محمد بن یزید الرفاعی کو ثقہ ثابت کرنے کے لئے رافضی نے بہت سے مغالطہ دیئے اور امام ابن حبان رحمہ اللہ کی تناقض والی توثیق اور ابو بکر البر قانی کی توثیق کو جمہور کی جرح پر مقدم کر دیا۔

محمد بن یزید الرفاعی پر مکمل تحقیق حاظر خدمت ہے جس میں ہم ثابت کریں گے کہ یہ جمہور محدثین کے نزدیک ضعیف الحدیث ہے۔ اور پھر امام ابن حبان رحمہ اللہ اور ابو بکر البر قانی رحمہ اللہ کی توثیق کا جواب بھی دیا جائے گا ان شاء اللہ۔ اس بحث کو شروع کرنے سے پہلے ایک بات یاد رکھ لی جائے کہ امام ابن حبان رحمہ اللہ توثیق میں متساہل تھے جیسے ہم پہلے بیان کر آئے ہیں۔

محمد بن یزید الرفاعی پر جرح کرنے والے

1۔ امام ابن عدی رحمہ اللہ نے کہا: وقد أنكر عَلَى أَبِي هشام الرفاعي أحاديث (الکامل فی الضعفاء الرجال۔ ج7 ص529)

2۔ امام بخاری

امام بخاری نے کہا: يتكلمون فيه (تاریخ الاوسط ج2 ص387)

امام بخاری نے کہا: رأيتهم مجتمعين على ضعفه (تاریخ بغداد۔ ج 4 ص598 وسنده حسن)

3۔ امام ابوحاتم الرازی نے کہا: ضعیف يتكلمون فيه (الجرح و تعدیل لابن ابی حاتم ج8 ص129 وسنده صحیح)

4۔ امام محمد بن عبداللہ بن نمیر نے کہا: كان اضعفنا طلبا واكثرنا غرائب (الجرح و تعدیل لابن ابی حاتم ج8 ص129 وسنده صحیح)

5۔ امام نسائی نے کہا: ضعيف (الضعفاء والمتروکین للامام نسائی۔ ص223)۔

6۔ امام ابن الجوزی نے ذکره في الضعفاء و المتروكين (الضعفاء والمتروکین لابن جوزی ج3 ص107)۔

7۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا: ليس بالقوي (تقریب التہذیب۔ ص909)۔

اختصار کے پیش نظر ان سات محدثین کی جرح پر ہی اکتفاء کیا جاتا ہے۔

امام ابن حبان رحمہ اللہ کی توثیق کا جواب۔۔

1۔ امام ابن حبان رحمہ اللہ نے محمد بن یزید الرفاعی کو اپنی کتاب الثقات میں نقل کیا لیکن ان کی توثیق ان کی جرح سے متناقض ہے۔ مثلا امام ابن حبان رحمہ اللہ اس کو کو کتاب الثقات میں ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ كان يخطئ ويخالف۔ (الثقات لابن حبان ج9 ص109) یعنی ثقہ کہنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے جرح بھی کر دی۔ ان کی تعدیل کا جرح سے تضاد ہو گیا لہذا یہ تعدیل ساقط ہو گئی۔

2۔ اوپر ثابت کیا جا چکا ہے کہ امام ابن حبان رحمہ اللہ راویوں کی توثیق میں متساہل تھے۔ اس لئے ان کی توثیق جمہور محدثین کی تضعیف کے مقابلہ میں رد کی جائے گی۔

ابو بکر البرقانی رحمہ اللہ کی توثیق کا جواب

امام ابو بکر البرقانی رحمہ اللہ کی توثیق جمہور محدثین کے خلاف ہونے کی وجہ سے قبول نہیں کی جائے گی۔

ثابت ہوا کہ محمد بن یزید الرفاعی ضعیف الحدیث ہے اور اس کی روایات ضعیف ہیں والحمد للہ۔

رافضی کا دھوکہ کہ محمد بن یزید الرفاعی صحیح مسلم کا راوی ہے

رافضی نے مغالطہ دیتے ہوئے لکھا۔

"اسکے علاوہ یہ صحیح مسلم کا راوی بھی ہے۔ ہم اسکی دو روایات مسلم سے نقل کرتے ہیں۔"

پھر رافضی نے دھوکہ دیتے ہوئے جو اسناد لکھیں وہ اس طرح ہے۔

پہلی سند

حَدثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمدِ بْنِ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ ، وَمُحَمدُ بْنُ يَزِيدَ الرفَاعِي وَاللفْظُ لِابْنِ أَبَانَ قَالَا : حَدثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِي إِسْمَاعِيلَ ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلمَ : " وَالذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تَذْهَبُ الدنْيَا حَتى يَمُر الرجُلُ عَلَى الْقَبْرِ ، فَيَتَمَرغُ عَلَيْهِ ، وَيَقُولُ : يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَكَانَ صَاحِبِ هَذَا الْقَبْرِ ، وَلَيْسَ بِهِ الدينُ إِلا الْبَلَاءُ

یہاں پر رافضی نے عوام الناس کو دھوکہ دیا کیونکہ امام مسلم رحمہ اللہ نے اس حدیث کی ایک نہیں دو اسناد لکھیں ہیں۔ اگر ہم اس سند کو غور سے دیکھیں تو سند اس طرح شروع ہو رہی ہے: عبد اللہ بن عمر بن محمد بن ابان بن صالح و محمد بن یزید الرفاعی یعنی امام مسلم نے دو راویوں سے سنا اور یہ دو اسناد بنتی ہیں۔

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ امام مسلم نے ایک صحیح سند جو ثقہ راوی عبد اللہ بن عمر بن محمد بن ابان بن صالح سے شروع ہوتی ہے اس کی متابعت اور شواہد میں ایک ضعیف سند جو محمد بن یزید الرفاعی سے شروع ہوتی ہے وہ لکھی ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم صحیح اسناد کی متابعت میں ضعیف اسناد لکھتے ہیں اور ان کو صحیح سند کا شاہد بناتے ہیں۔ لہذا یہ حدیث بالکل صحیح ہے کیونکہ عبد اللہ بن عمر بن محمد بن ابان بن صالح ثقہ ہیں۔ اور امام مسلم کا محمد بن یزید الرفاعی (ضعیف) کو متابعت والی سند میں لانا اس حدیث کی اسناد کو مزید تقویت پہچانا ہے۔ لہذا یہ رافضی کا بہت بڑا دھوکہ ہے کہ محمد بن یزید الرفاعی صحیح مسلم کی اسناد میں ہونے کی وجہ سے ثقہ ہو جائے گا۔ کیونکہ سند کے ضعیف ہونے سے متن کا ضعیف ہونا لازم نہیں ہوتا کیونکہ وہ متن کسی دوسری صحیح سند سے ثابت ہو سکتا ہے۔

دوسری سند

وحَدثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى ، وَأَبُو كُرَيْبٍ ، وَمُحَمدُ بْنُ يَزِيدَ الرفَاعِي ، واللفظ لواصل ، قَالُوا : حَدثَنَا مُحَمَدُ بْنُ فُضَيْلٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلمَ : " تَقِيءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الذهَبِ وَالْفِضةِ ، فَيَجِيءُ الْقَاتِلُ فَيَقُولُ : فِي هَذَا قَتَلْتُ ، وَيَجِيءُ الْقَاطِعُ فَيَقُولُ : فِي هَذَا قَطَعْتُ رَحِمِي ، وَيَجِيءُ السارِقُ فَيَقُولُ : فِي هَذَا قُطِعَتْ يَدِي ، ثُم يَدَعُونَهُ فَلَا يَأْخُذُونَ مِنْهُ شَيْئًا

یہاں پر بھی اگر غور سے دیکھا جائے تو امام مسلم رحمہ اللہ نے تین اسناد لکھی ہیں۔ ان تین اسناد میں سے دو اسناد صحیح ہیں جو واصل بن عبد الاعلی اور ابو کریب کے طریق سے ہیں۔ اور امام مسلم نے دو صحیح اسناد کی متابعت میں محمد بن یزید الرفاعی کی ضعیف سند لکھی ہے جو ان دو صحیح اسناد کی شاہد ہے۔ لہذا محمد بن یزید الرفاعی کا ضعف مضر نہیں۔

خلاصہ کلام: محمد بن یزید الرفاعی کو امام مسلم رحمہ اللہ متابعت میں لے کر آئے ہیں اور اس کی مثل دوسری صحیح اسناد موجود ہیں۔ لہذا محمد بن یزید الرفاعی کا ضعیف ہونا صحیح مسلم کی روایات کو کچھ مضر نہیں۔

حسین سلیم اسد کی روایات کی تحسین کا جواب

رافضی دھرم کی بنیاد ہی جھوٹ اور بکواس ہے۔ رافضی مذہب کا بانی عبداللہ بن سباء سیدنا علی اور اہل بیت رضوان اللہ علیھم اجمعین کے بارے میں جھوٹ بولا کرتا تھا اور عوام الناس کو دھوکہ دیا کرتا ہے۔ ٹھیک اسی طرح اس کی رافضی ذریت ہمیشہ آدھی بات کرتی ہے اور دھوکہ بازی ان کی پسندیدہ شیوہ ہے۔ کیونکہ سچ اور ایمانداری سے ان کا دھرم ثابت نہیں ہوتا۔

رافضی نے حسین سلیم اسد محقق کی تحسین بطور دلیل پیش کی کہ انہوں نے محمد بن یزید الرفاعی کی بعض اسناد کی تحسین فرمائی ہے۔ لیکن اس رافضی نے وجہ نہیں بیان کی کہ ان روایات کی تحسین کیوں کی گئی ہے۔ اب ہم حسین سلیم اسد کی ان روایات کی توثیق اور تحسین کا جواب انہی سے پیش کریں گے۔

پہلی روایت: الشیخ والشیخة إذا زنیا فارجموهما

جواب: حسین سلیم اسد نے اس کو محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے نہیں حسن نہیں کہا بلکہ اس روایت کی دوسری صحیح اسناد مسند احمد، مستدرک حاکم، بیھقی اور دیگر حدیث کی کتب میں موجود ہیں۔ ان صحیح اسناد نے اس ضعیف سند کو تقویت دی اور حسین سلیم اسد نے اس کو حسن کہا۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 2368 ص 1497)

دوسری روایت: يا رسول ا لله انه لأناس فقراء فلم يجعل عليه النبي صلى ا لله عليه و سلم شيئا

جواب: حسین سلیم اسد نے اس حدیث کو محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے حسن نہیں کہا۔ بلکہ اس ضعیف سند کی مثل دوسری صحیح اسناد مسند احمد، سنن ابوداود، سنن البیھقی، سنن النسائی، اور طبرانی کبیر میں موجود ہیں۔ ان صحیح اسناد کی تقویت کی وجہ سے یہ ضعیف سند حسن ہو جاتی ہے۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 2419 ص 1533)

تیسری روایت: ما يجد الشهيد من ألم القتل إلا كما يجد أحدكم من ألم القرصة

جواب: حسین سلیم اسد نے اس حدیث کو محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے حسن نہیں کہا۔ بلکہ اس ضعیف سند کی مثل دوسری حسن اسناد صحیح ابن حبان اور موارد الظمآن میں موجود ہیں۔ ان اسناد کی تقویت کی وجہ سے یہ ضعیف سند حسن ہو جاتی ہے۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 2452 ص 1559)

چوتھی روایت: هذا كفارة لما يكون في المجالس

جواب: اس روایت میں رافضی نے ایک دجل کا مظاہرہ کیا۔ اس روایت میں ابو ھشام نہیں بلکہ ابو ھاشم یحیی بن دینار ہے۔ یہ سند صحیح ہے اور اس کی مثل دوسری سند مسند الموصلی میں موجود ہے اور اس کا صحیح شاہد صحیح ابن حبان اور موارد الظمآن میں ہے۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 2700 ص 1739)۔

پانچویں روایت: أهل الجنة شباب جرد مرد كحل لا تبلى ثيابهم ولا يفنى شبابهم

جواب: حسین سلیم اسد نے اس حدیث کو محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے حسن نہیں کہا۔ بلکہ اس ضعیف سند کی مثل دوسری صحیح اسناد سنن الترمذی، صفة الجنة لابي نعیم، اور طبرانی صغیر، سنن البیھقی، اور حلیہ الاولیاء میں موجود ہیں۔ ان اسناد کی تقویت کی وجہ سے یہ ضعیف سند حسن ہو جاتی ہے۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 2868 ص 1866)

ششم روایت: يقرأ فيه القرآن كل ثلاث

جواب: حسین سلیم اسد نے اس حدیث کو محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے حسن نہیں کہا۔ بلکہ اس ضعیف سند کی مثل دوسری صحیح اسناد المعرفہ والتاریخ للفسوی اور حلیہ الاولیاء میں موجود ہیں۔ ان اسناد کی تقویت کی وجہ سے یہ

ضعیف سند حسن ہو جاتی ہے۔ (مسند الدارمی بتحقیق حسین سلیم اسد۔ رقم 3378 ص 2101)

خلاصہ کلام: اوپر والی تحقیق سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ حسین سلیم اسد نے کل پانچ روایات کی تحسین محمد بن یزید الرفاعی کی وجہ سے نہیں کی بلکہ اس کی تحسین کی وجہ اسناد کی مثل دوسری صحیح اسناد دوسری کتابوں میں موجود ہیں۔ اور رافضی نے ایک روایت پر جھوٹ بولا اس میں محمد بن یزید الرفاعی موجود ہی نہیں ہے۔

نتیجہ

محمد بن یزید الرفاعی ضعیف الحدیث ہے اور تفسیر طبری کی یہ روایت سخت ضعیف اور مردود ہے۔ نیز اسد اللہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا جنگ احد سے بھاگنا ثابت نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس صحیح بخاری کی صحیح حدیث (4043) سے یہ بات ثابت ہو جاتی

ہے کہ سیدنا ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنھم جنگ کے آخری لمحات تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اور ثابت قدم رہے۔ اللہ کی لعنت ہو رافضہ کذابوں پر

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی مغفرت

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ پر طعن کا جواب

آخر میں رافضی سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پر بکواس کرتے ہوئے لکھتا ہے۔۔

"یہ حضرت تو احد سے ایسے بھاگے کہ تین دن بعد واپس آئے۔ مدارج النبوۃ جلد ۲"

الجواب: سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ مدارج النبوۃ کی روایت بے سند ہے اور بے سند بات اہل سنت والجماعت پر حجت نہیں ہے۔ امام عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے فرمایا۔

حدثني محمد بن عبد الله بن قهزاد من أهل مرو قال سمعت عبدان بن عثمان يقول سمعت عبد الله بن المبارك يقول الإسناد من الدين ولولا الإسناد لقال من شاء ما شاء

بحذف سند۔ امام عبد اللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے کہا: اسناد دین میں سے ہیں۔ اگر دین میں سند نہ ہوتی تو ہر شخص جو چاہتا کہہ دیتا۔ (صحیح مسلم۔ مقدمہ۔ باب أن الإسناد من الدين والرواية لا تكون إلا عن الثقات وجواز جرح الرواة وأنه ليس من الغيبة المحرمة- ج1 ص15)۔

لہذا یہ طعن کرنے سے پہلے رافضی کو چاہیے تھا کہ اس طعن کی بنیاد کی اصل سند پیش کرتا۔ لیکن یہ رافضی دھرم نہیں ہے جہاں بے سند نہج البلاغہ کو سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا کلام سمجھ کر اندھادھند عمل کیا جاتا ہے چاہے وہ کتاب سید الرضی یا شریف المرتضی کی گھڑی ہوئی ہو۔

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ اور ان جیسے باقی صحابہ سے جو خطاء ہوئی اس کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے معاف کر دیا۔ اللہ قرآن میں فرماتا ہے۔

إن الذين تولوا منكم يوم التقى الجمعان إنما استزلهم الشيطان ببعض ما كسبوا ولقد عفا الله عنهم إن الله غفور حليم

ترجمہ: جو لوگ تم میں سے (اُحد کے دن) جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گتھ گئیں (جنگ سے) بھاگ گئے تو ان کے

بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیا مگر اللہ نے ان کا قصور معاف کر دیا بے شک اللہ بخشنے والا اور بردبار ہے۔ (سورۃ آل عمران آیت 155)

لہذا جنگ احد میں تمام صحابہ رضوان اللہ علیھم اجمعین کی بخشش ہو گئی تھی۔ لہذا جب اللہ نے معاف کر دیا تو رافضہ کے بھونکنے سے ستاروں پر کوئی فرق نہیں پڑنے والا اور رافضہ جو قرآن کے منکر ہیں وہ جھنم کا ایندھن ہے ان شاء اللہ۔

اب قرآن نے معاف کر دیا اور یہی بات سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی ثابت ہے جنھوں نے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ پر تمام اعتراضات کا جواب دیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔

حدثنا موسى بن إسماعيل، حدثنا أبو عوانة، حدثنا عثمان ـ هو ابن موهب ـ قال جاء رجل من أهل مصر حج البيت فرأى قوما جلوسا، فقال من هؤلاء القوم قال هؤلاء قريش. قال فمن الشيخ فيهم قالوا عبد الله بن عمر. قال يا ابن عمر إني سائلك عن شىء فحدثني هل تعلم أن عثمان فر يوم أحد قال نعم. قال تعلم أنه تغيب عن بدر ولم يشهد قال نعم. قال تعلم أنه تغيب

عن بيعة الرضوان فلم يشهدها قال نعم. قال الله أكبر. قال ابن عمر تعال أبين لك أما فراره يوم أحد فأشهد أن الله عفا عنه وغفر له، وأما تغيبه عن بدر، فإنه كانت تحته بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت مريضة، فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم " إن لك أجر رجل ممن شهد بدرا وسهمه ". وأما تغيبه عن بيعة الرضوان فلو كان أحد أعز ببطن مكة من عثمان لبعثه مكانه فبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عثمان وكانت بيعة الرضوان بعد ما ذهب عثمان إلى مكة، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده اليمنى " هذه يد عثمان ". فضرب ا على يده، فقال " هذه لعثمان ". فقال له ابن عمر اذهب ا الآن معك. حدثنا مسدد: حدثنا يحيى، عن سعيد، عن قتادة: أن أنسا رضي الله عنه حدثهم قال: صعد النبي صلى الله عليه وسلم أحدا، ومعه أبو بكر وعمر وعثمان، فرجف، فقال: (اسكن أحد - أظنه: ضربه برجله - فليس عليك إلا نبي، وصديق، وشهيدان)

ترجمہ:ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے بیان کیا ، کہا ہم سے ابوعوانہ نے ، کہا ہم سے عثمان بن موہب نے بیان کیا کہ مصر والوں میں سے ایک نام نامعلوم آدمی آیا اور حج بیت اللہ کیا، پھر کچھ لوگوں کو بیٹھے ہوئے دیکھا تو اس نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ کسی نے کہا کہ یہ قریشی ہیں۔ اس نے

پوچھا کہ ان میں بزرگ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ عبداللہ بن عمر ہیں۔ اس نے پوچھا۔ اے ابن عمر! میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ آپ مجھے بتائیں گے۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے احد کی لڑائی سے راہ فرار اختیار کی تھی؟ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ہاں ایسا ہوا تھا۔ پھر انہوں نے پوچھا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ بدر کی لڑائی میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ جواب دیا کہ ہاں ایسا ہوا تھا۔ اس نے پوچھا کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ بیعت رضوان میں بھی شریک نہیں تھے۔ جواب دیا کہ ہاں یہ بھی صحیح ہے۔ یہ سن کر اس کی زبان سے نکلا اللہ اکبر تو ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ قریب آ جاؤ، اب میں تمہیں ان واقعات کی تفصیل سمجھاؤں گا۔ احد کی لڑائی سے فرار کے متعلق میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کر دیا ہے۔ بدر کی لڑائی میں شریک نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں اور اس وقت وہ بیمار تھیں اور حضور اکرم صلی

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تمہیں (مریضہ کے پاس ٹھہرنے کا) اتنا ہی اجر و ثواب ملے گا جتنا اس شخص کو جو بدر کی لڑائی میں شریک ہو گا اور اسی کے مطابق مال غنیمت سے حصہ بھی ملے گا اور بیعت رضوان میں شریک نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس موقع پر وادی مکہ میں کوئی بھی شخص (مسلمانوں میں سے) عثمان رضی اللہ عنہ سے زیادہ عزت والا اور باأثر ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی کو ان کی جگہ وہاں بھیجتے، یہی وجہ ہوئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں (قریش سے باتیں کرنے کے لیے) مکہ بھیج دیا تھا اور جب بیعت رضوان ہو رہی تھی تو عثمان رضی اللہ عنہ مکہ جا چکے تھے، اس موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ کو اٹھا کر فرمایا تھا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور پھر اسے اپنے دوسرے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا تھا کہ یہ بیعت عثمان کی طرف سے ہے۔ اس کے بعد ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سوال کرنے والے شخص سے فرمایا کہ جا، ان باتوں کو ہمیشہ یاد رکھنا۔ ہم سے مسدد نے بیان کیا، کہا ہم

سے یحییٰ نے بیان کیا، ان سے سعید نے، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب احد پہاڑ پر چڑھے اور آپ کے ساتھ ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے تو پہاڑ کانپنے لگا۔ آپ نے اس پر فرمایا احد ٹھہر جا میرا خیال ہے کہ حضور نے اسے اپنے پاؤں سے مارا بھی تھا کہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہی تو ہیں۔ (صحیح بخاری رقم الحدیث 3699)

لہذا جب اللہ نے معاف کر دیا تو رافضہ کی بکواس اور کتے کے بھونکنے میں کوئی فرق نہیں رہ جاتا۔

شیطان کے بہکانے کا مسئلہ

رافضی لکھتا ہے

"کیا اس آیت سے وہ لوگ مراد ہیں جو لڑتے لڑتے بھاگ گئے؟؟؟ حقیقت میں ایسا نہیں ہے ذرا آیت کو باریکی سے دیکھا جائے تو اس میں الفاظ ہیں

ان کے بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیااس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ میدان کے بھگوڑوں کی بات نہیں بلکہ یہ ان تیر اندازوں کی بات ہو رہی ہے جو کہ پہاڑ پر تھے جنکو نبی پاک نے اپنی جگہ نا چھوڑنے کی نصیحت کی تھی لیکن جب سفیانی لشکر بھاگا تو وہ اپنی جگہ چھوڑ کر شیطانی بہکاوے میں آگئے اور مال و متاع لوٹنے لگ گئے۔ جس سے سفیانی لشکر دوبارہ حملہ آور ہوا اور وہ تیر انداز بھاگ کھڑے ہوئے۔ میدان میں لڑنا اور ایک سائیڈ پر ہوکر تیر اندازی کرنے میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ کیونکہ تیر انداز اسطرح جنگجو نہیں ہوتے جسطرح میدان میں لڑنے والے۔ بس یہی وجہ ہے کہ اللہ نے ان تیر اندازوں کی غلطی کو معاف کیا اور انہیں بخش دیا"

الجواب: یہ رافضی کی جہالت اور تلبیس کاری ہے اس کا جواب حاظر ہے۔

1۔ اگر سورۃ ال عمران کی پچھلی دو آیات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو وہاں پر تمام مسلمانوں سے خطاب ہے جو جنگ احد کے دن حاظر تھے۔ جیسے اللہ نے فرمایا۔

إذ تصعدون ولا تلوون على أحد والرسول يدعوكم في أخراكم فأثابكم غما بغم لكيلا تحزنوا على ما فاتكم ولا ما أصابكم وا لله خبير بما تعملون

ترجمہ:(وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے) جب تم لوگ دور بھاگے جاتے تھے اور کسی کو پیچھے پھر کر نہیں دیکھتے تھے اور رسول اللہ تم کو تمہارے پیچھے کھڑے بلا رہے تھے تو اللہ نے تم کو غم پر غم پہنچایا تاکہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی یا جو مصیبت تم پر واقع ہوئی ہے اس سے تم اندوہ ناک نہ ہو اور اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ (سورۃ آل عمران آیت153)

ثم أنزل عليكم من بعد الغم أمنة نعاسا يغشى طائفة منكم وطائفة قد أ هم تهم أنفسهم يظنون با لله غير الحق ظن الجاهلية يقولون هل لنا من الأمر من شيء قل إن الأمر كله لله يخفون في أنفسهم ما لا يبدون لك يقولون لو كان لنا من الأمر شيء ما قتلنا هاهنا قل لو كنتم في بيوتكم لبرز الذين كتب عليهم القتل إلى مضاجعهم وليبتلي ا لله ما في صدوركم وليمحص ما في قلوبكم وا لله عليم بذات الصدور

ترجمہ: پھر اللہ نے غم ورنج کے بعد تم پر تسلی نازل فرمائی (یعنی) نیند کہ تم میں سے ایک جماعت پر طاری ہو گئی اور کچھ لوگ جن کو جان کے لالے پڑ رہے تھے اللہ کے بارے میں ناحق (ایام) کفر کے سے گمان کرتے تھے اور کہتے تھے بھلا ہمارے اختیار کی کچھ بات ہے؟ تم کہہ دو کہ بےشک سب باتیں اللہ ہی کے اختیار میں ہیں یہ لوگ (بہت سی باتیں) دلوں میں مخفی رکھتے ہیں جو تم پر ظاہر نہیں کرتے تھے کہتے تھے کہ ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم یہاں قتل ہی نہ کیے جاتے کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکل آتے اس سے غرض یہ تھی کہ اللہ تمہارے سینوں کی باتوں کو آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس کو خالص اور صاف کر دے اور اللہ دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے۔ (سورۃ آل عمران آیت (154

پھر اللہ نے فرمایا ان سب کو خطاب کرتے ہوئے

إن الذين تولوا منكم يوم التقى الجمعان إنما استز لھ م الشيطان ببعض ما كسبوا ولقد عفا ا الله عنهم إن ا الله غفور حليم

ترجمہ: جو لوگ تم میں سے (اُحد کے دن) جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گتھ گئیں (جنگ سے) بھاگ گئے تو ان کے بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیا مگر اللہ نے ان کا قصور معاف کر دیا بے شک اللہ بخشنے والا اور بردبار ہے۔ (سورۃ آل عمران آیت 155)

اس سے ثابت ہوا کہ یہ خطاب سب بھاگنے والوں کو ہے جیسے پچھلی آیت سے وضاحت ہو رہی ہے۔ لہذا رافضی کا قیاس باطل ہے اور اس کی قرآن سے نافھی ہے۔

3۔ جب رافضی نے اپنے تمام دلائل نقل کر لیے تو اس نے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 155 بھی لکھی۔ یہ آیت اس بات کی زبردست دلیل ہے کہ جنگ احد میں بھاگنے والوں کی اللہ نے بخشش کر دی تھی۔ اب رافضی کو یہ فکر لاحق ہوئی کہ میں نے قرآن کی یہ آیت لکھ کر اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار دی ہے کیونکہ اگر بھاگنا ثابت بھی ہو جائے تو

صحابہ رضی اللہ عنھم کو اللہ نے معاف کر دیا۔ رافضی نے اپنی اس سنگین غلطی اور روشن حق کو چھپانے کے لئے یہ اوپر رافضی ڈھکوسلہ چھوڑا کہ اس سے مراد صرف تیر انداز ہیں۔

اب اس موقع پر میدان جنگ سے بھاگنے کی عمومی آیات یا احادیث پیش کرنا فضول ہے کیونکہ احد سے بھاگنے والوں کو خصوصا اللہ تبارک و تعالیٰ نے معاف کر دیا ہے۔ لہذا غزوہ احد سے بھاگنا ان آیات اور احادیث سے مستثنیٰ ہے۔

مدارج النبوت کی بلاسند روایات

اب رافضی نے مدارج النبوت کی کچھ بلاسند روایت نقل کی ہیں۔ ہم اوپر اس بات کی وضاحت کر آئے ہیں کہ بلاسند باتیں اہل سنت والجماعت پر حجت نہیں ہیں اور بلاسند باتیں مردود ہیں۔ مدارج النبوت میں جو روایات نقل کی گئی ہیں وہ ضعیف اور مردود ہیں اور سند کا نقل نہ کرنا ان کو جرح و تعدیل سے پہلے ہی مردود کر دیتا ہے۔ لہذا جب رافضی ان روایات کی اصل اسناد نقل کرے گا تو اس پر جرح کر دی جائے گی۔ فی الحال تو وہ

بلاسند ہی ہیں۔ اور یہ اہل سنت کا حق مذہب ہے رافضیوں کا قصہ کہانیوں والا مذہب نہیں۔ والحمد للہ

غـــزوہ حـــنین پر رافضـــہ کا رد

پھر رافضی نے آخر میں غزوہ حنین کے واقعہ کو غلط انداز میں پیش کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جنگ سے بھاگ گئے تھے۔ وہ پوری حدیث اس طرح ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کہتے ہیں

وقال الليث حدثني يحيى بن سعيد، عن عمر بن كثير بن أفلح، عن أبي محمد، مولى أبي قتادة أن أبا قتادة، قال لما كان يوم حنين نظرت إلى رجل من المسلمين يقاتل رجلا من المشركين، وآخر من المشركين يختله من ورائه ليقتله، فأسرعت إلى الذي يختله فرفع يده ليضربني، وأضرب يده، فقطعتها، ثم أخذني، فضمني ضما شديدا حتى تخوفت، ثم ترك فتحلل، ودفعته ثم قتلته، وانهزم المسلمون، وانهزمت معهم، فإذا بعمر بن الخطاب في الناس، فقلت له ما شأن الناس قال أمر الله ، ثم تراجع الناس إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله

عليه وسلم " من أقام بينة على قتيل قتله فله سلبه ". فقمت لألتمس بينة على قتيلي، فلم أر أحدا يشهد لي فجلست، ثم بدا لي، فذكرت أمره لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رجل من جلسائه سلاح هذا القتيل الذي يذكر عندي فأرضه منه. فقال أبو بكر كلا لا يعطه أصيبغ من قريش، ويدع أسدا من أسد الله يقاتل عن الله ورسوله صلى الله عليه وسلم قال فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فأداه إلى، فاشتريت منه خرافا فكان أول مال تأثلته في الإسلام

ترجمہ:اور لیث بن سعد نے بیان کیا ، مجھ سے یحییٰ بن سعید انصاری نے بیان کیا تھا کہ ان سے عمر بن کثیر بن افلح نے ، ان سے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ابو محمد نے کہ ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ، غزوہ حنین کے دن میں نے ایک مسلمان کو دیکھاکہ ایک مشرک سے لڑرہا تھا اور ایک دوسرا مشرک پیچھے سے مسلمان کو قتل کرنے کی گھات میں تھا، پہلے تو میں اسی کی طرف بڑھا، اس نے اپنا ہاتھ مجھے مارنے کے لیے اٹھایاتو میں نے اس کے ہاتھ پر وار کر کے کاٹ دیا۔ اس کے بعد وہ مجھ سے چمٹ گیا اور اتنی زور سے مجھے بھینچاکہ میں ڈر گیا۔ آخر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور ڈھیلا پڑ

گیا۔ میں نے اسے دھکا دے کر قتل کر دیا اور مسلمان بھاگ نکلے اور میں بھی ان کے ساتھ بھاگ پڑا۔ لوگوں میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نظر آئے تو میں نے ان سے پوچھا، کہ لوگ بھاگ کیوں رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا یہی حکم ہے، پھر لوگ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس پر گواہ قائم کر دے گا کہ کسی مقتول کو اسی نے قتل کیا ہے تو اس کا سارا سامان اسے ملے گا۔ میں اپنے مقتول پر گواہ کے لیے اٹھا لیکن مجھے کوئی گواہ دکھائی نہیں دیا۔ آخر میں بیٹھ گیا پھر میرے سامنے ایک صورت آئی۔ میں نے اپنے معاملے کی اطلاع حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی۔ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے ایک صاحب (اسود بن خزاعی اسلمی رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ ان کے مقتول کا ہتھیار میرے پاس ہے، آپ میرے حق میں انہیں راضی کر دیں۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا ہرگز نہیں، اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کو چھوڑ کر جو اللہ اور اس کے رسول کے

لیے جنگ کرتا ہے، اس کا حق قریش کے ایک بزدل کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہیں دے سکتے۔ ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور مجھے وہ سامان عطا فرمایا۔ میں نے اس سے ایک باغ خریدا اور یہ سب سے پہلا مال تھا جسے میں نے اسلام لانے کے بعد حاصل کیا تھا۔ (صحیح بخاری رقم الحدیث 4322)

1۔ سب سے پہلی بات اس حدیث میں لکھا ہے " مسلمان بھاگ نکلے اور میں بھی ان کے ساتھ بھاگ پڑا۔ لوگوں میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نظر آئے " اس حدیث میں یہ کہیں بھی نہیں لکھا کہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھاگے۔ جیسے یہ بھی نہیں لکھا کہ سیدنا علی اور سیدنا سلمان الفارسی رضی اللہ عنھم بھی بھاگے۔ لوگوں میں دیکھنا اور بھاگنے میں بہت فرق ہوتا ہے۔ لوگ بھاگ رہے تھے تو اس بھگدڑ میں سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نظر آئے۔ لہذا یہ رافضہ کا جھوٹ ہے کہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھاگے کیونکہ یہ بات حدیث میں کہیں سے بھی ثابت نہیں ہوتی۔

2۔ لیکن اگر اب بھی رافضہ ضد کرے کہ نہیں دیکھو سیدنا عمر بن خطاب لوگوں میں تھے اور وہ بھاگے تو ہم کہیں گے کہ ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے عمومی طور پر کہا "مسلمان بھاگے" اور یہ بات ثابت ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ اس جنگ میں شامل تھے۔ تو جب سارے مسلمانوں کے بھاگنے کے عموم کو پکڑا جائے تو سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا بھی جنگ سے بھاگنا ثابت ہو جائے گا۔ معاذاللہ

3۔ جب کہ اس حدیث کے عموم کے برعکس مسند احمد میں صحیح سند سے مروی ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کہتے ہیں

حدثنا يعقوب ثنا أبي عن بن إسحاق عن عاصم بن عمر بن قتادة عن عبد الرحمن بن جابر عن جابر بن عبد الله قال: لما استقبلنا وادي حنين قال انحدرنا في واد من أودية تهامة أجوف حطوط إنما ننحدر فيه انحدارا قال وفي عماية الصبح وقد كان القوم كمنوا لنا في شعابه وفي أجنابه ومضايقه قد أجمعوا وتهيؤوا وأعدوا قال فوالله ما راعنا ونحن منحطون إلا الكتائب قد شدت علينا شدة رجل واحد وانهزم الناس راجعين فاستمروا لا يلوي أحد منهم على أحد وانحاز رسول الله صلى الله عليه و سلم ذات اليمين ثم قال إلي أيها الناس هلم إلي أنا رسول الله أنا محمد بن عبد الله قال فلا شيء احتملت الإبل بعضها بعضا فانطلق

الناس إلا أن مع رسول ا لله صلى ا لله عليه و سلم رهطا من المهاجرين والأنصار وأهل بيته غير كثير وفيمن ثبت معه صلى ا لله عليه و سلم أبو بكر وعمر ومن أهل بيته علي بن أبي طالب والعباس بن عبد المطلب وابنه الفضل بن عباس وأبو سفيان بن الحرث وربيعة بن الحرث وأيمن بن عبيد وهو بن أم أيمن وأسامة بن زيد قال ورجل من هوازن على جمل له أحمر في يده راية له سوداء في رأس رمح طويل له أمام الناس وهوازن خلفه فإذا أدرك طعن برمحه وإذا فاته الناس رفعه لمن وراءه فاتبعوه

ترجمہ: بحذف سند۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب ہم وادی حنین کے سامنے پہنچے تو تہامہ کی ایک جوف دار وادی میں اترے ہم اس میں لڑھکتے ہوئے اترتے جارہے تھے صبح کا وقت تھا دشمن کے لوگ ہماری تاک میں گھاٹیوں، کناروں اور تنگ جگہوں میں گھات لگائے بیٹھے ہوئے تھے وہ لوگ متفق اور خوب تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے واللہ ابھی ہم لوگ اتر ہی رہے تھے کہ انہوں نے ہمیں سنبھلنے کا موقع نہ دیا اور یکجان ہو کر تمام لشکروں نے ہم پر حملہ کر دیا لوگ شکست کھا کر پیچھے کو پلٹنے لگے اور کسی کو کسی کی ہوش نہ تھی۔ ادھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم دائیں جانب

سمٹ گئے اور لوگوں کو آوازیں دینے لگے کہ اے لوگو میرے پاس آؤ
میں اللہ کا رسول ہوں میں محمد بن عبداللہ ہوں اس وقت اونٹ بھی ادھر
ادھر بھاگے پھر رہے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مہاجرین
وانصار اور اہل بیت کے افراد بہت کم رہ گئے تھے ان ثابت قدم رہنے
والوں میں حضرت ابوبکر، عمر بھی تھے اور اہل بیت میں حضرت علی اور
حضرت عباس ان کے صاجزادے فضل ابوسفیان بن حارث ، ربیعہ بن
حارث، ایمن بن عبید جو ام ایمن کے صاجزادے تھے اور حضرت اسامہ بن
زید تھے جبکہ بنو ہوازن کا یک آدمی سرخ اونٹ پر سوار تھا اس کے ہاتھ
میں ایک سیاہ رنگ کا جھنڈا تھا جو ایک لمبے نیزے کے سر پر بندھا ہوا تھا
وہ لوگوں سے آگے تھے اور بقیہ ہوازن اس کے پیچھے پیچھے تھے جب وہ کسی
کو پاتا تو اپنے نیزے سے اسے مار دیتا جب کوئی نظر نہ آتا تو وہ اسے
اپنے پیچھے والوں کے لئے بلند کردیتا اور وہ اس کے پیچھے چلنے لگتے۔ (مسند

احمد۔ رقم الحدیث 15091 وسندہ حسن۔ امام ابن اسحاق رحمہ اللہ کے سماع کی تصریح ان کی کتاب سیرۃ النبویہ ص 553 اور پر موجود ہے)

اس حسن حدیث نے ثابت کر دیا کہ سیدنا ابوبکر، عمر، اور علی رضی اللہ عنھم غزوہ حنین میں آخری لمحات تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ لہذا صحیح بخاری کی حدیث کی وضاحت اس حسن سند سے ہوتی ہے۔ اس حسن سند سے ثابت ہوا کہ رافضی نے اپنی جہالت کی بنا پر سیدنا عمر پر الزام لگایا یا پھر اس نے قصدا جھوٹ بولا۔

اصل بھگوڑا کون؟ رافضہ کا بارھواں امام

آئیے اب ہم آپ کو اصل بھگوڑے سے ملواتے ہیں جو ایسا ڈر کر بھاگا کہ آج تک غار سے باہر نہیں نکلا۔ اہل سنت والجماعت فتنہ پسند لوگ نہیں ہیں اور نہ کسی پر طعن کرنا اہل سنت والجماعت کا منہج ہے لیکن رافضہ کو جب تک ان کی زبان میں بات نہ سمجھائی جائے

ان کو بات سمجھ نہیں آتی۔ وہ کہتے ہیں نالاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے۔

اختصار کے پیش نظر دو حوالوں پر اکتفا کیا جاتا ہے

کلینی رافضی لکھتا ہے۔۔

بحذف سند۔۔ زرارہ سے مروی ہے کہ مجھ سے ابو عبداللہ نے فرمایا حضرت حجت کی غیبت لڑکپن ہی سے شروع ہو گی۔ میں نے کہا یہ کیوں؟ فرمایا۔ دشمن کے خوف سے (کتاب المستطاب الشافی ترجمہ اصول کافی۔ جلد 2۔ ص293)

ابن بابویہ قمی المعروف شیخ صدوق (کذاب) لکھتا ہے۔۔

بحذف سند۔۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے موسیٰ کاظم علیہ سلام سے صاحب امر کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا وہ دشمنوں کے خوف سے پوشیدہ اور اپنے اہل سے غائب رہے گا اور اپنے شہید باپ کا وارث ہو گا۔ (کمال الدین اردو از شیخ صدوق۔ جلد 2۔ صفحہ 364)

اور پھر آگے چل کے شیخ کذاب یعنی صدوق عند الرافضہ صراحت سے کہتا ہے کہ غیبت کی ایک وجہ خوف بھی ہے۔ (کمال الدین اردو از شیخ صدوق۔ جلد 2۔ صفحہ 364)

ان دو رافضی روایات سے قارئین پر حقیقت کھل گئی ہوگی کہ اصل بھگوڑا کون ہے۔

الحمد للہ! رافضی کذابوں کا رد مکمل ہوا۔ اللہ سے دعاء ہے کہ اللہ اس رد کے بدلے ہمیں جنت الفردوس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیدنا ابو بکر، عمر، عثمان، اور علی رضی اللہ عنھم کی غلامی نصیب فرمائے۔

وماعلینا الا البلاغ

51

ابو عبد الرحمن سلفی

احمد خلفان

ابو تراب سلفی

امام ابن حبان رحمہ اللہ کا تساہل

ترجمہ : امام ابو عمرو بن الصلاح نے ان کو طبقات شافعیہ میں ذکر کرنے کے بعد کہا : وہ بہت شدید غلطیاں کرتے ہیں اور ابو عمرو نے سچ کہا۔ ان کو کثرت سے اوہام ہو جاتے تھے۔


ميزان الاعتدال
في نقد الرجال
تأليف
الإمام الحافظ شمس الدين محمد بن أحمد الذهبي
المتوفى سنة ٧٤٨ هـ
ويليه
ذيل ميزان الاعتدال
للإمام أبي الفضل عبد الرحيم بن الحسين العراقي
المتوفى سنة ٨٠٦ هـ
دراسة وتحقيق وتعليق
الشيخ علي محمد معوض
الشيخ عادل أحمد عبد الموجود
شارك في تحقيقه
الأستاذ الدكتور عبد الفتاح أبو سنة
خبير التحقيق بمجمع البحوث الإسلامية
وعضو المجلس الأعلى للشؤون الإسلامية
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان



٩٨ حرف الميم / محمد

وبه: كان من دعائه عليه الصلاة والسلام: «يا كائن قبل أَنْ يكون كلُّ شيء، والمكون لكل شيء، والكائن بَعْدَ ما لا يكونُ شيء»(١).

وبه: «من قتلته الحرورية فهو شهيد(٢)».

العَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ البَحْرَانِيُّ، حدثنا محمد بن الحارث الحارثي، حدثنا محمد بن البَيْلماني، عن أَبيه، عن ابن عمر، قال رسول الله ﷺ: «إِنّ العبد ليخاصم ربَّه يوم القيامة يقول: أَيْ ربي جعلت عليّ ربّا منعني من عبادتك، فيقول: إني قد كنت أراك تسرق من سيِّدك، أفلا سرقتَ لي»(٣)!.

٧٣٤٨ [٧٢٢٨] ـ محمدُ بْنُ حَازِمٍ(٤). عن إسماعيل السُّدي.
قال أَبُو أَحْمَدَ الحَاكِمُ: مجهول.

٧٣٤٩ [٧٢٢٩] ـ محمدُ بْنُ حَامِدٍ القُرَشِيُّ(٥). عن دُحيم. رَوى خبراً كذباً.
قال أَبُو أَحْمَدَ الحَاكِمُ: فيه نظر.

٧٣٥٠ [٧٢٣١] ـ محمدُ بْنُ حَامِدٍ، أَبُو رَجَاءِ البَغْدَادِيُّ، نزيل مكة. شيخ معمر، روى حديثَيْن عن الحسن بن عَرَفَة موضوعَيْن، عن علي بن قُدَامَة، عن مَيْسَرة بن عبد ربه؛ فالآفَةُ مَيْسَرة.

وأما أَبُو رَجَاءٍ فسمع منه جماعةٌ منهم: أبو محمد بن النحاس. ومات سنة ثلاث وأربعين وثلثمائة. وقيل سنة أربعين في آخرها. ذكر أنه وُلد سنة خمس وأربعين ومائتين. وما أرى هذا الشيخ ممن يعتمد عليه.
وقد وثقه أَبُو عَمْرو الدَّاني. والله أعلم.

٧٣٥١ [٧٢٣٢] ـ محمدُ بْنُ حَامِدٍ، أَبُو أَحْمَدَ السُّلَمِيُّ. خُراساني. حَجّ وحدّث.

قال الخَطِيْبُ: روى عن محمد بن يزيد السُّلَمي أحاديثَ منكرة. وعنه محمد بن إسحاق القطيعي.

